**12.08.2024**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................ ارجمند علی خاں

**Music**

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے زرعی شعبے میں تحقیق اور اختراع کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

☆ سرکار نے کہا ہے کہ ہینڈلوم اور دستکاری اشیا کی اندرون ملک فروخت اور برآمدات بڑھانے کے لیے کئی اقدامات کیے جارہے ہیں۔

☆ بہار کے جہان آباد ضلع میں ایک مندر میں بھگدڑ کے واقعے میں سات افراد مارے گئے ہیں۔

☆ ہاتھیوں کے تحفظ کو بڑھاوا دینے کی خاطر آج ہاتھیوں کا عالمی دن منایا جارہا ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی نے ہاتھیوں کے رہنے کے لیے سازگار حالات کو یقینی بنانے کے سرکار کے عہد کو دوہرایا ہے۔

☆ اور...... بھارتی شیئر بازاروں میں شروع کے کاروبار میں گراوٹ کے بعد اب پھر سے اچھال آگیا ہے۔

اب خبریں تفصیل سے............

**PM Agriculture**

وزیراعظم نریندر مودی نے زرعی شعبے میں تحقیق اور اختراع کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ کل نئی دلی کے پوسا میں فصلوں کی 109 نئی اقسام کو جاری کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ اِن اقسام سے زراعت میں اختراع پر اُن کی توجہ سے مطابقت رکھتے ہوئے نتائج برآمد ہوں گے۔ کسانوں کے ساتھ بات چیت کے دوران جناب مودی نے کہا کہ کسان دھرتی ماں کے تیئں اپنی ذمہ داری سے بخوبی واقف ہیں اور وہ رضاکارانہ طور پر کیڑے مار دواؤں کے استعمال سے گریز کرتے ہوئے قدرتی کھیتی باڑی کو اپنا رہے ہیں۔ وزیراعظم نے کسانوں کو نئی اقسام کو اختیار کرنے کا مشورہ دیا۔ وزیراعظم نے اپنی تیسری مدت کار میں تین گُنا رفتار سے لوگوں کے لیے کام کرنے کے اپنے عہد کو دوہرایا۔

انہوں نے سابق وزیراعظم لال بہادر شاستری کی جانب سے دیئے گئے 'جے جوان، جے کسان' کے نعرے کو یاد کیا اور اس میں سابق وزیراعظم اٹل بہاری واجپئی کے ذریعے 'جے وِگیان' کا اضافہ کیے جانے کا ذکر کیا۔

وزیراعظم نے اِس بات کو اُجاگر کیا کہ انہوں نے اِس میں 'جے انوسندھان' کا مزید اضافہ کیا جس سے تحقیق واختراع کو ترجیح دیئے جانے کی عکاسی ہوتی ہے۔

**PM Farrmers**

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ مرکزی سرکار، کسانوں کی بہبود کے تئیں پابندِ عہد ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیراعظم نے کہا کہ کسانوں کے ساتھ اُن کی میٹنگ ایک یادگار تجربہ رہا۔ وزیراعظم نے کل نئی دلی میں زرعی تحقیق کے بھارتی ادارے میں زیادہ پیداوار والی 109 فصلوں کی اقسام جاری کی تھیں۔

**PM JK Tiranga**

یوم آزادی کی تقریبات سے پہلے جموں وکشمیر کے مختلف اضلاع میں ترنگا ریلیوں کا اہتمام کیا جارہا ہے۔ جموں وکشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے آج سری نگر میں ایک بڑی ترنگا ریلی کی قیادت کی جس میں ہزاروں لوگوں نے شرکت کی۔ اس ریلی کا اہتمام شیرکشمیر بین الاقوامی کونشن سینٹر اور ڈَل جھیل کے کنارے بوٹینیکل گارڈن کے درمیان کیا گیا۔

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ جموں وکشمیر کے عوام کی جانب سے نکالی جارہی ترنگا یاترا باعث ترغیب ہیں۔ جناب مودی نے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کی جانب سے ہرگھر ترنگا مہم کو فروغ دینے کی خاطر کیے گئے اقدامات کو سراہا۔ ملک میں حب الوطنی کے جذبے کو بڑھاوا دینے کیلئے اِس ماہ کی 15 تاریخ تک اِس مہم کا اہتمام کیا جائے گا۔

اِس پہل کے تحت حکومت نے لوگوں پر زور دیا ہے کہ وہ اپنے گھروں پر ترنگا لہرائیں اور ترنگے کے ساتھ سیلفی لے کر اُسے ہرگھرترنگا ویب سائٹ پر اپلوڈ کریں۔ اِس پہل کے حصے کے طور پر اداکار آر مادھون نے لوگوں پر زور دیا ہے کہ وہ اپنے گھروں پر قومی پرچم لہرائیں۔

**Handloom Expo**

ٹیکسٹائل کے مرکزی وزیر گری راج سنگھ نے کہا ہے کہ ہتھ کرگھا اور دستکاری اشیاء کی اندرون ملک فروخت اور برآمدات میں اضافے کی خاطر مختلف اقدامات کیے گئے ہیں۔ نئی دلی میں ہینڈلوم ایکسپو کا دورہ کرنے کے بعد وزیر موصوف نے کہا کہ اب ہتھ کرگھا کے بنکر فیشن ٹکنالوجی کے قومی انسٹی ٹیوٹ سے منسلک ہیں اور وہ نئے نئے ڈیزائن متعارف کرارہے ہیں۔ ہتھ کرگھا کے معاملے میں نوجوان نسل کی دلچسپی کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ ہتھ کرگھا سے بنائی گئی اشیاء نوجوانوں کے لیے ایک فیشن بن گئی ہے۔ جناب گری راج سنگھ نے کہا مجموعی ہتھ کرگھا شعبے میں بھارت کی حصہ داری 90 فیصد ہے اور اس شعبے میں 35 لاکھ سے زیادہ کنبے کام کررہے ہیں۔ ہرگھرترنگا مہم کے تحت انہوں نے بنکروں کو قومی پرچم تقسیم کیے اور ہرکسی سے اس مہم میں شامل ہونے کی اپیل کی۔

## Bihar Stampede

بہار میں آج صبح جہان آباد ضلعے کے بابا سِدھیشور ناتھ مندر میں بھگدڑ کے واقعے میں کم از کم 7 عقیدتمندوں کی موت ہوگئ جبکہ 16 افراد زخمی ہوگئے۔ جہان آباد کے SP اروِند پرتاپ سنگھ نے بتایا کہ دیر رات مقامی دکانداروں اور عقیدتمندوں کے درمیان تکرار کے بعد بھگدڑ مچ گئی۔

ہمارے نامہ نگار نے خبردی ہے کہ شرون کے پوتر مہینے کے چوتھے پیر کے پیش نظر بڑی تعداد میں عقیدتمند مندر میں پوجا ارچنا کے لیے جمع ہوئے تھے۔

جناب سنگھ نے کہا ہے کہ پولیس اس واقعے کی تحقیقات کررہی ہے اور قصورواروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔

وزیراعلیٰ نتیش کمار نے ان اموات پر افسوس کا اظہارکیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے مرنے والوں کے اہلِ خانہ کیلئے چار۔چار لاکھ روپے اور زخمیوں کو پچاس۔پچاس ہزار روپے کی نقد امداد دینے کا اعلان کیا ہے۔

## PM Elephant

وزیراعظم نریندر مودی نے آج ہاتھیوں کے عالمی دن کے موقع پر ہاتھیوں کے تحفظ کے لیے وسیع پیمانے پر کی جانے والی اجتماعی کوششوں کی ستائش کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیراعظم نے کہا کہ ہماری ثقافت اور تاریخ سے ہاتھیوں کا رشتہ رہا ہے۔ جناب مودی نے اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کرنے کے عہد کو دوہرایا کہ ہاتھیوں کو رہنے کے لیے سازگار ٹھکانہ ملے۔ وزیراعظم نے گذشتہ برسوں میں ہاتھیوں کی تعداد میں اضافے کو سراہا۔

## Kejriwal SC

دلی کے وزیراعلیٰ اروند کجریوال نے دلی ہائیکورٹ کے ایک حکم کو چیلنج کرتے ہوئے سپریم کورٹ میں ایک درخواست دائر کی ہے۔ مذکورہ حکم میں ایکسائز پالیسی گھپلے میں CBI کے ہاتھوں اُن کی گرفتاری کو صحیح ٹھہرایا گیا تھا۔

سینئر ایڈووکیٹ ابھیشیک منو سنگھوی نے آج فوری سماعت کے لیے چیف جسٹس کے سامنے یہ معاملہ پیش کیا۔ اس پر چیف جسٹس ڈی وائی چندرچوڑ نے کہا کہ سماعت کے لیے تاریخ کا اعلان کیا جائے گا۔

اس سے پہلے انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ کی جانب سے داخل کردہ گھپلے سے متعلق منی لانڈرنگ کیس میں سپریم کورٹ نے کجریوال کو ضمانت دے دی تھی۔

اس سے قبل پانچ اگست کو دلی ہائی کورٹ نے اروند کجریوال کی گرفتاری کو قانونی اعتبار سے درست ٹھہرایا تھا۔

عدالت نے کہا تھا کہ CBI کی جانب سے اُن کی گرفتاری کی کارروائی کے تعلق سے کوئی بدنیتی نہیں ہے۔

CBI نے کجریوال کو 26 جون کو گرفتار کیا تھا، جبکہ وہ منی لانڈرنگ کیس کے سلسلے میں پہلے ہی عدالتی تحویل میں جیل میں بند تھے۔ انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ اس کیس کی چھان بین کررہی ہے۔

**Delhi HC Puja Khedkar**

دلی ہائیکورٹ نے فرضی شناخت کیس میں سابق زیر تربیت IAS افسر پوجا کھیڈکر کی گرفتاری پر اس مہینے کی 21 تاریخ تک کے لئے روک لگادی ہے۔ ہائیکورٹ نے دلی پولیس کو ہدایت دی ہے کہ سماعت کی اگلی تاریخ تک اُنھیں حراست میں نہ لیا جائے۔

پوجا کھیڈکر پر الزام ہے کہ انھوں نے یونین پبلک سروس کمیشن UPSC کو پیش کی گئی اپنی درخواست میں غلط بیانی سے کام لیا اور غلط حقائق پیش کئے۔ عدالت نے دلی پولیس اور UPSC کو بھی نوٹس جاری کرکے یہ پوچھا ہے کہ اُن کی فوری حراست کیوں ضروری ہے۔

اس سے پہلے UPSC کی داخل کردہ ایک شکایت پر سابق زیر تربیت IAS اہلکار کے خلاف دلی پولیس کی جانب سے کیس درج کئے جانے کے بعد ایک ضلع عدالت نے کھیڈکر کو پیشگی ضمانت دینے سے انکار کردیا تھا۔

**BRO Sikkim Bridge**

سرحدی سڑک تنظیم نے سکم میں Indrani Bridge کی تعمیر نو کامیابی کے ساتھ مکمل کرلی ہے۔ اس طرح ریاست کے شمالی خطے کا سڑک رابطہ بقیہ ملک کے ساتھ پھر سے قائم ہوگیا ہے۔ پچھلے سال اکتوبر میں اچانک سیلاب آنے سے اس پل کو شدید طور پر نقصان پہنچا تھا۔ پروجیکٹ Swastik کے تحت یہ کام کیا گیا ہے۔ اس میں 300 فٹ طویل Bailey Bridge کی تعمیر بھی شامل ہے۔ ریاست کی معاشی اور سماجی ترقی میں یہ پل اہم رول ادا کرے گا۔

**Sensex**

بھارتی شیئر بازاروں میں شروع کے کاروبار میں گراوٹ کے بعد اب پھر سے اچھال آ گیا ہے۔ بامبے اسٹاک ایکسچینج کے عدد اشاریے sensex میں 378 پوائنٹ کا اچھال آیا اور یہ 80 ہزار 84 پوائنٹ پر پہنچ گیا۔ اسی طرح نیشنل اسٹاک ایکسچینج کا نفٹی بھی 91 پوائنٹ کے اضافے کے ساتھ 24 ہزار 459 پر پہنچ گیا۔ اس سے پہلے شیئر بازاروں میں کاروبار گراوٹ کے ساتھ شروع ہوا۔ سنسیکس آج صبح 376 پوائنٹ نیچے آ گیا، جبکہ نفٹی میں بھی 47 پوائنٹ کی گراوٹ دیکھنے میں آئی۔

**IMD Weather**

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے مشرقی راجستھان، آسام، میگھالیہ اور بہار میں آج کہیں کہیں بہت تیز بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ کیرالہ، ماہے، تمل ناڈو اور کرناٹک کے شمالی اندرونی علاقوں میں اگلے چار روز کے دوران کہیں کہیں موسلادھار بارش کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے مغربی ہمالیائی خطے، مشرقی اور شمال مشرقی بھارت میں دور دور تک ہلکی سے اوسط بارش ہونے اور شمال مغربی بھارت اور جنوبی بھارتی جزیرہ نما کے میدانی علاقوں میں پورے ہفتے کہیں کہیں اور دور دور تک بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔

**Olympics Closing**

پیرس اولمپکس 2024 کل رات فرانس میں، شاندار اختتامی تقریب کے ساتھ ختم ہوگئے۔ بین الاقوامی اولمپک کمیٹی کے صدر Thomas Bach نے اِن کھیلوں کو کامیاب قرار دیا۔ اولمپک کا پرچم لاس اینجلس کے میئر Karen Bass کے سپرد کیا گیا۔ امریکی شہر لاس انجلیس اگلے اولمپکس کی میزبانی کرے گا۔ اِس تقریب میں بھارت کے پرچم بردار منو بھاکر اور پی آر سری جیش تھے۔ امریکہ نے ایک بار پھر سب سے زیادہ تمغے حاصل کیے۔ چین دوسری جبکہ جاپان تیسری پوزیشن پر رہا۔
بھارت نے ایک چاندی اور پانچ کانسے کے تمغوں سمیت، چھ تمغے حاصل کئے اور وہ تمغوں کی فہرست میں مجموعی طور پر 71ویں مقام پر رہا۔

**IOA- Defenss Pardiwala**

انڈین اولمپک ایسوسی ایشن کی صدر پی ٹی اوشا نے ونیش پھوگاٹ کو نااہل قرار دیئے جانے کے معاملے پر انڈین اولمپک ایسوسی ایشن کی میڈیکل ٹیم کا دفاع کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارتی دستے کے چیف میڈیکل افسر ڈاکٹر Dinshaw Pardiwala کو پیرس اولمپکس میں خواتین کے پچاس کلو گرام کے فائنل مقابلے سے بھارتی پہلوان ونیش پھوگاٹ کو کھیلنے کا نااہل قرار دیئے جانے کے لئے ذمہ دار نہیں ٹھہرایا جانا چاہیئے۔
ایک بیان میں IOA نے زور دے کر کہا ہے کہ کُشتی، مکے بازی اور Judo جیسے کھیلوں میں وزن کو طے شدہ حد کے اندر رکھنے کی ذمہ داری ہر ایتھلیٹ اور اُن کی ذاتی کوچنگ ٹیم کی ہوتی ہے۔
انڈین اولمپک ایسوسی ایشن نے یہ وضاحت کی ہے کہ ڈاکٹر Dinshaw Pardiwala کا اصل کام کھلاڑیوں کے مقابلوں کے دوران اور اس کے بعد چوٹ لگنے کے تناظر میں اُن کے علاج اور صحتیاب ہونے میں معاونت کرنا تھا۔
اس سے پہلے پچاس کلو گرام کے کُشتی کے زمرے میں وزن کی حد سے تجاوز کرنے کی بنا پر فائنل مقابلے سے پہلے ونیش پھوگاٹ کو Disqualify کردیا گیا تھا۔ بعد میں انھوں نے کھیلوں سے متعلق ثالثی کی عدالت میں اس فیصلے کے خلاف اپیل دائر کی تھی اور مشترکہ طور پر چاندی کا تمغہ دیئے جانے کا مطالبہ کیا تھا۔ امید ہے کہ مذکورہ عدالت کل اپنے فیصلے کا اعلان کرے گی۔

**Womens Kabaddi League**

ہریانہ میں خواتین کی اب تک کی پہلی کبڈی عالمی لیگ اگلے مہینے سے شروع ہوگی۔ اِس لیگ میں جس کا باضابطہ نام Global Pravasi Women's Kabaddi League (GPKL) ہے، اور اس میں 15 ملکوں کی خواتین ایتھلیٹس حصہ لیں گی۔ اِس مقابلے سے کبڈی کو بین الاقوامی سطح پر فروغ دینے، اولمپک کھیلوں میں اِس کھیل کو شامل کرنے کی کوششوں کو تعاون فراہم کرنے اور 2036 اولمپکس کی میزبانی کرنے کی بھارت کی کوششوں کو جہت فراہم کرنے میں ایک قابل لحاظ پیشرفت کی عکاسی بھی ہوتی ہے۔

عالمی کبڈی کے ساتھ شراکت داری میں **Holistic International Pravasi Sports Assocication** **(HIPSA)** کے ذریعے منعقد کیے جانے والے لیگ کا آغاز ہریانہ میں ہوگا۔

اِس پہل کے لیے سہولت فراہم کرنے کی خاطر **HIPSA** اور ہریانہ حکومت کے درمیان حال ہی میں ایک مفاہمت نامے پر دستخط کیے گئے تھے۔ اِس لیگ کا مقصد خواتین کبڈی کو عالمی سطح پر فروغ دینا ہے۔

**GPKL** میں انگلینڈ، پولینڈ، ارجنٹینا، کنیڈا اور اٹلی سمیت مختلف ملکوں کی ٹیمیں شامل ہوں گی۔ اِن ملکوں کے ایتھلیٹس نے اِس میں حصہ لینے میں اپنی خواہش کا اظہار کیا ہے۔

☆☆☆